بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرف آغاز

کلیہ علوم اسلامیہ ولسانیات کے زیر اہتمام مجلّہ علوم اسلامیہ کے نام سے ایک تحقیقی وعلمی مجلّہ سال ہا سال اہل علم و دانش کی خدمت میں پیش کیا جا تا رہا ہے یونیورسٹی کی مجلس انتظامیہ کے فیصلے کے بعد فیکلٹی علوم اسلامیہ میں لسانیات کے شعبے شامل کر کے اس کو ایک وسیع ادارہ بنا دیا گیا ہے اور ان انتظامی تبدیلیوں کے دوران مجلّہ علوم اسلامیہ کی اشاعت بھی بوجوہ معطل رہی ہے۔ نئی فیکلٹی علوم اسلامیہ ولسانیات کے وجود میں آنے کے بعد یہ پہلا شمارہ آپ کی خدمت میں پیش ہے ہماری کوشش یہ ہے کہ اس مجلّہ کو جدید تحقیق کے اصولوں کی روشنی میں مفید اور علمی معیار کے مطابق پیش کیا جائے اور اس کو باقاعدگی سے شائع کیا جاتا رہے۔ عالمی سطح پر وقوع پذیر ہونے والی جدید ترین تبدیلیوں کو پیش نظر رکھ کر اہل علم سے گزارش ہے کہ وہ علوم اسلامی اور زبان وادب کے میدانوں میں تحقیقی اور فکری سطح پر امت مسلمہ کی راہنمائی کا فریضہ سرانجام دیں اور بحیثیت مجموعی تحقیقی اور علمی میدان میں ہم جس زوال کا شکار ہیں اس سے قوم کو نکالنے کی سعی کی جائے۔ اس مجلّہ میں شرکت کرنے والے اہل دانش کے ہم شکرگزار ہیں کہ انہوں نے ہم سے قلمی تعاون فرمایا اور مزید اہل علم وفکر کو دعوت ہے کہ وہ ہمیں اپنے مقالات سے نوازیں تاکہ آئندہ شائع ہونے والے شمارے کی زینت بن سکیں کوئی تحریر حرف آخر نہیں ہوا کرتی معیار اور انداز دونوں ہی قابل اصلاح ہو سکتے ہیں اس سلسلے میں اہل علم و دانش کے مشوروں کو خوش آمدید کہا جائے گا اور ان کے مشورے ہمارے لیے مشعل راہ ہونگے۔ مقالہ نگار کی رائے پر پابندی عائد کرنا شایان شان نہیں ہوتا تاہم ادارے کا ان کی رائے سے متفق ہونا بھی ضرور نہیں مجلّہ آپ کے ہاتھوں میں ہے ہم آپ کے ذوق تحقیق کی روشنی میں آپ کی آراء کے منتظر ہیں۔

والسلام

چیف ایڈیٹر